Dua for Dying person

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھتا ہوا مر جائے وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

صحیح مسلم

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ

''یا اللہ! موت کی سختیوں پر میری مدد فرما۔''

اسنادہ حسن ، سنن الترمذی

اور جو اپنی زندگی سے ناامید ہو اور نزع کا عالم ہو اور اسے ابھی ہوش ہو، تو اسے یہ دعائیں پڑھتے رہنا چاہیے، رسول اللہ ﷺ نے سکرات کے وقت ان دعاؤں کو پڑھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی

''اے اللہ! مجھے معاف کردے، میری حالت پر رحم فرما، اور مجھے رفیق اعلیٰ کے ساتھ ملادے۔''

صحیح بخاری، کتاب المغازی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ طلبِ شہادت کے لیے یہ دعا پڑھتے تھے، جو قبول ہوئی۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ

''اے اللہ! مجھے اپنے راستے میں شہادت عطا کر اور میری موت تیرے رسول ﷺ کے شہر میں ہو۔''

صحیح بخاری

اور مر جانے کے بعد اس کے لیے یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْلَنَا وَلَهٗ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ

"یا اللہ! فلاں شخص کو معاف کر دے اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کے درجے کو بلند کر اور باقی ماندہ لوگوں میں اس کے پیچھے اس کا نگہبان و خلیفہ ہو جا، اور اے رب العالمین! ہماری اور اس کی مغفرت فرما اور اس کی قبر کشادہ کر دے اور اس میں روشنی کر دے۔"

صحیح مسلم

تنبیہ: جس کے لیے دعا کی جا رہی ہو "فلاں" کے بجائے اس کا نام لیا جائے۔